# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: دوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | سبق کا نام: اچھا بچہ | |

**مقاصد:** الفاظ کے معانی لکھ سکیں۔

سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو دوم"، آئس کریم اسٹکس، چار کپ

**تحریکی سرگرمی:** (10منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کو بتائیں کہ ہر لفظ کا کوئی نہ کوئی مطلب ہوتا ہے، جس کی وجہ سے ہم ایک دوسرے کی بات یا تحریر کو سمجھ پاتے ہیں۔ اگر ہم الفاظ کے درست معنی نہ جانتے ہوں تو ہماری بات غلط بھی ہو سکتی ہے۔ بچوں کو بتائیں کہ آج ہم کچھ نئے الفاظ اور ان کے معانی سیکھیں گے۔
- اب بورڈ پر دو کالم بنائیں۔ ایک کالم میں "الفاظ" اور دوسرے میں "معانی" لکھیں۔
- اب الفاظ والے کالم میں کتاب کے صفحہ نمبر 63 پر دیے ہوئے الفاظ میں سے ایک لفظ "مدرسہ" لکھیں اور بچوں سے اس کا درست تلفظ پوچھیں، اور اس کا معانی لکھیں: پڑھنے کی جگہ۔ اسی طرح مشق یہ نئے الفاظ کے تحت دیے گئے باقی الفاظ پر کروائیں۔
- اب کوئی لفظ بولیں اور بچوں سے پوچھیں کہ کس بچے کو اس لفظ کا مطلب معلوم ہے کیونکہ بچے ان الفاظ کے معنی کر چکے ہیں۔؟ جو بچہ بتائے، اس کے لیے تالیاں بجوا کر حوصلہ افزائی کریں اور معانی والے کالم میں اس لفظ کے سامنے اس کا معانی لکھ دیں۔ اس طرح یہ سرگرمی باقی الفاظ پر کروائیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم پڑھے گئے سبق سے متعلق مختلف سوالات کے جوابات لکھنے کی سرگرمی کریں گے۔
- ایک کپ میں چار آئس کریم اسٹکیں رکھ دیں، جن پر چار مختلف رنگوں کی چٹیں چسپاں ہوں اور ان پر تفہیم کے سوال نمبر 1 کے تحت دیے گئے سوالات لکھے ہوں۔ دوسرے کپ میں چار آئس کریم اسٹکیں رکھ دیں جن پر انھی رنگوں سے 1 تا 4 نمبر لکھے ہوں جو دوسرے کپ میں رکھی ہوئی آئس کریم اسٹکوں پر لگی ہوئی چٹوں کے لیے استعمال کیے ہوں۔
- بچوں کے چار گروہ بنا دیں اور ہر گروہ کا ایک لیڈر بھی نامزد کر دیں۔ اب کسی ایک گروہ کے لیڈر کو بلائیں۔ اسے کہیں کہ وہ آنکھیں بند کر کے نمبروں والی اسٹکوں میں سے کوئی اسٹک اٹھالے اور پھر دوسرے کپ میں سے اسی رنگ کی آئس کریم اسٹک تلاش کر کے نکالے، جس رنگ

| |
|---|
| کا نمبر اس کے پاس آیا ہے۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی گروہوں سے بھی کروائیں۔ اب ہر گروہ سے کہیں کہ وہ آئس کریم اسٹک پر لکھا ہوا سوال پڑھیں اور اس سوال کا جواب سوچیں۔ اس کے لیے انھیں تھوڑا وقت دیں۔ اس دوران میں بورڈ پر چاروں سوالات لکھ کر ان کے نیچے جوابات لکھنے کی جگہ خالی چھوڑ دیں۔<br>• مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ میں سے ایک ایک بچے کو بلا کر ان سے کہیں کہ ان کے پاس جس سوال کی اسٹک آئی ہے، وہ سوال بورڈ پر تلاش کر کے اس کے نیچے اس سوال کا جواب لکھے۔ درست جواب لکھنے والے گروہ کے لیے تالیاں بجوا کر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔<br>• اب بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی کاپیاں کھولیں اور سوال نمبر 1 کے تحت دیے ہوئے سوالات اور ان کے جوابات بورڈ سے دیکھ کر کاپیوں میں لکھیں۔ اس دوران میں کمرہ جماعت میں گھوم پھر کر ان کے کام کا جائزہ لیتے رہیں اور ان کی رہنمائی کریں۔ |
| **اعادہ:**(3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کرائیں اور اصلاح کریں۔ |
| **جائزہ:**(5 منٹ) بورڈ پر تفہیم کے سوال نمبر 1 میں دیے گئے سوالات لکھ دیں۔ باری باری مختلف بچوں کو بلا کر ان سے ان سوالات کے جوابات لکھوائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **گھر کا کام:**(2 منٹ) سوال نمبر 1 میں دیے گئے سوال کا جواب کاپیوں پر لکھیں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: | یونٹ:2 | جماعت: دوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:2 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | | سبق کا نام: اچھا بچہ | |
| **مقاصد:** درست الفاظ کی مدد سے مصرعے مکمل کر سکیں۔<br>کالم الف کو کالم ب سے ملا سکیں۔ | | | |
| **تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو دوم"، نظم سے متعلق سوالات اور ان کے جوابات پر مبنی پرچیاں، مصرعوں کی پرچیاں | | | |

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کو ایک بار نظم "اچھا بچہ" کا خاموش مطالعہ کرنے کے لیے کہیں۔
- بچوں کے 5 گروہ بنا دیں۔ ہر گرہ کو تفہیم کے سوال نمبر 2 میں دیے گئے مصرعوں پر مشتمل کاغذ کی مختلف رنگوں کی چٹیں دیں، جن میں لفظ لکھنے کی جگہ خالی ہو۔
- اس کے علاوہ ہر گروہ کو مصرعے پر کرنے کے لیے دو دو لفظوں کی پرچیاں بھی دیں، جن میں ایک لفظ نظم کے مطابق درست اور باقی دو الفاظ غلط ہوں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ چٹوں پر لکھا ہوا مصرع پڑھیں۔ پرچیوں پر لکھے ہوئے الفاظ پڑھیں اور ان میں سے درست لفظ چن کر کارڈ میں دی گئی خالی جگہ میں لکھ کر مصرع مکمل کریں اور اس مصرعے کا اگلا مصرع سوچ کر شعر مکمل کریں اور اس کا مفہوم گروہ میں ایک دوسرے کو بتائیں۔
- اس کے لیے انھیں چند منٹ کا وقت دیں۔
- اس دوران میں بورڈ پر وہی ادھورے مصرعے لکھ دیں جن کی پرچیاں بچوں کو دی ہوں۔
- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے بچے کو کارڈ سمیت بلائیں اس سے کہیں کہ وہ تختۂ تحریر پر لکھے ہوئے مصرعوں میں دیکھے کہ ان کے پاس کون سا مصرع آیا تھا، پھر خالی جگہ میں درست لفظ لکھ کر مصرع مکمل کرے اور اس کا اگلا مصرع بتا کر شعر مکمل کرے۔
- اس کے بعد کسی دوسرے گروہ کے کسی بچے سے کہیں کہ وہ اس شعر کا مطلب بتائے۔
- درست شعر اور درست مطلب بتانے پر دونوں گروہوں کو دو دو نمبر مل جائیں گے۔
- غلط بتانے کی صورت میں اس گروہ کے دو نمبر کٹ جائیں گے۔ اس طرح یہ سرگرمی باقی گروہوں سے دوسرے مصرعوں پر کروائیں۔ آخر میں جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ یہ مقابلہ جیت جائے گا۔

**تدریسی طریقہ کار:**(25منٹ)

- سوال نمبر 3 کی سرگرمی کروانے کے لئے بچوں کے گروہ بنائیں۔
- گروہ بندی کے لئے ایک ٹوکری میں 4 مختلف رنگوں کے بٹن لیں۔
- ٹوکری باری باری ہر بچے کے آگے کریں، ایک جیسے رنگوں کے بٹن اٹھانے والے بچوں کو ایک گروہ میں شامل کر دیں۔
- اب بورڈ پر دو کالم بنائیں۔
- ایک کالم میں کالم الف کی سرخی لکھیں جبکہ دوسرے کالم میں کالم ب کی سرخی لکھیں۔
- کالم الف میں دیئے گئے مصرعوں کی پڑھائی کروائیں اور بچوں سے کالم الف کو متعلقہ کالم ب سے ملائیں۔

**اعادہ:**(3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**جائزہ:**(5منٹ) مختلف بچوں کے ناموں کی پرچیاں بنا کر ٹوکری میں ڈال دیں۔ باری باری پرچیاں نکالیں، جن بچوں کے نام آئیں، ان سے نظم کے مختلف اشعار کی بلند خوانی کروائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:**(2منٹ) ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

دیے ہوئے الفاظ میں سے درست الفاظ منتخب کر کے مصرعے مکمل کریں۔

مُجھ   پَیدا   اُستاد   نفرت   خُوشی

الف) ہر اِک کام اپنا، ________ سے کرُوں گا

ب) کرُوں گا، جو ماں باپ ________ سے کہیں گے

ج) کرُوں گا اَدَب، اپنے ________ کا مَیں

د) ہمیشہ بُرائی سے، ________ کرُوں گا

ہ) یہ سارا جہاں جس نے ________ کِیا ہے

کالم (الف) کو کالم (ب) سے ملائیں۔

| کالم (الف) | کالم (ب) |
|---|---|
| ہر اِک کام اپنا، | جِس نے پیدا کِیا ہے |
| یہ سارا جہاں | صاف اپنا رکھوں گا |
| لباس اور بدن | اپنے اُستاد کا مَیں |
| ہمیشہ بُرائی سے، | خُوشی سے کرُوں گا |
| کرُوں گا اَدَب، | نفرت کرُوں گا |

# سبقی منصوبہ بندی

| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت:دوم | مضمون:اُردو |
|---|---|---|
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | سبق کا نام:اچھا بچہ | |

**مقاصد:** روز مرّہ معاملات میں رواداری اختیار کر سکیں۔
الفاظ کے حروف الگ الگ کر کے لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو دوم"، چارٹ پیپر کی بنی قلفیاں

**تحریکی سرگرمی:** (10منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں سے گزشتہ روز کروائے گئے کام کے بارے میں پوچھیں۔
- بچوں کے دو گروہ بنا دیں۔
- سوال نمبر 5 کی سرگرمی کروانے لئے بچوں سے بورڈ پر لکھ کر پوچھیں: کہ اگر آپ کے دو دوستوں کے درمیان جھگڑا ہو جائے تو آپ ان کے درمیان صلح کیسے کروائیں گے۔
- اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے بچے کو بلائیں۔ اسے اپنے گروہ کا بنایا ہوا لائحہ سنانے کے لیے کہیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ ہمیں روز مرہ معاملات میں رواداری سے کام لینا چاہیئے۔ ایک دوسرے کی تلخ باتوں کو برداشت کرنا چاہئے، اور اگر کسی مسئلے میں اختلاف پیدا ہو جائے تو لڑائی جھگڑا کرنے کی بجائے اسے بات چیت سے حل کرنا چاہیے۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم الفاظ کے حروف الگ الگ کرنے کی سرگرمی کریں گے۔
- اب تختۂ تحریر پر لفظ "جیب" لکھیں۔ بچوں سے لفظ پڑھوائیں۔
- اب بچوں سے پوچھیں کہ لفظ "بدن" میں کتنے حروف ہیں۔ جو بچہ پہلے ہاتھ بلند کرے اسے بتانے کا موقع دیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔
- اب بورڈ پر "بدن" کے حروف "ب-د-ن" الگ الگ کر کے لکھیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی سوال نمبر 6 کے تحت دیے گئے باقی الفاظ پر کروائیں۔

- اب بچوں کے پانچ گروہ بنادیں۔
- بچوں سے کہیں کہ آپ الفاظ بولیں گے یا گی۔ انھوں نے غور سے الفاظ سننے ہیں اور پھر ان کے حروف الگ الگ کرنے ہیں۔
- اب لفظ "لباس" بولیں۔ جس گروہ کے بچے پہلے ہاتھ بلند کریں، ان کے کسی بچے کو بتانے کا موقع دیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔
- جماعت کے بچوں کے پانچ گروہ بنادیں۔ ہر گروہ کو چارٹ کی بنی ہوئی مختلف رنگوں کی قلفیاں دیں، جن کے اندر سوال نمبر 5 کے تحت دیے گئے الفاظ لکھے ہوں اور ان کے نیچے حروف لکھنے کی کی جگہ ہو۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ قلفی کے اندر لکھے ہوئے الفاظ دیکھیں اور ان کے حروف الگ الگ کر کے دی ہوئی جگہ میں لکھیں۔ اس کے لیے انھیں چند سیکنڈ کا وقت دیں۔ اس دوران میں بورڈ پر سوال نمبر 6 کے تحت دیے گئے الفاظ لکھ دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کسی گروہ کے بچے کو بلائے۔ اس سے کہیں کہ ان کے پاس جس لفظ پر مبنی پرچی آئی تھی، بورڈ پر وہ لفظ تلاش کرے اور اس کے سامنے اس کے حروف الگ الگ کر کے لکھیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔
- اس طرح سے یہ سرگرمی باقی گروہوں سے بھی کروائیں۔ درست طور پر یہ سرگرمی کرنے والے گروہ کو شاباش دیں۔

**اعادہ:**(3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کرائیں اور اصلاح کریں۔

**جائزہ:**(5منٹ) بورڈ پر تفہیم کے سوال نمبر 3 میں دیے گئے سوالات لکھ دیں۔ باری باری مختلف بچوں کو بلا کر ان سے ان سوالات کے جوابات لیں ۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:**(2منٹ) جماعت میں کیے گئے کام کی مشق کرنی ہے۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: دوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | سبق کا نام: اچھا بچہ | |

**مقاصد:** روز مرّہ معاملات میں رواداری اختیار کر سکیں۔
الفاظ کے حروف الگ الگ کر کے لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اُردو جماعت اول کی کتاب، آئس کریم اسٹکس، گیند،

**تحریکی سرگرمی:** (10منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- جماعت میں جانے سے پہلے آئس کریم اسٹیکوں پر فعل ماضی کے جملے لکھ کر تیار کر لیں۔ اور تمام اسٹکیں ملا کر ایک ساتھ رکھ دیں۔
- اب بچوں کے پانچ گروہ بنائیں۔
- ہر گروہ میں سے ایک بچے کو بلائیں اور دائرے میں کھڑا کر دیں۔ اب دائرے میں کھڑے ایک بچے کو گیند پکڑا دیں۔ جس پر فعل حال کے جملوں کی چٹیں اس طرح لگی ہوں کہ ان پر لکھے جملے نظر نہ آئیں۔
- خود گھنٹی بجانا شروع کر دیں۔ اس بچے سے کہیں کہ وہ گیند اگلے بچے کو دے دیں۔
- اس طرح سے بچے گیند ایک دوسرے کو دیتے ہوئے اچانک گھنٹی بجانا بند کر دیں۔
- اس وقت گیند جس بچے کے ہاتھ میں ہو گی وہ گیند میں سے ایک چاٹ اُتارے گا اور اس پر لکھا جملہ پڑھے گا۔
- اب اس بچے کو جملے کو فعل مستقبل میں تبدیل کرنے کے لیے کہیں۔
- دوسرے گروہ کو جواب دینے کا موقع ملے گا۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20منٹ)

- بچوں کو بتائیں آج ہم فعل مستقبل کے بارے میں جانیں گے۔
- اب بورڈ پر جملے لکھیں۔ میں آپ کا انتظار کروں گا۔ ساجدہ کل شام کو آئے گی۔
- بچوں سے جملے پڑھوائیں۔ انھیں بتائیں دیے ہوئے جملوں میں تمام کام ایسے ہیں جو ابھی ہوئے نہیں، بل کہ آنے والے زمانے میں ہونے کی توقع ہے۔ وہ کام جو ابھی ہوا نہ ہو، لیکن آنے والے زمانے یعنی مستقبل میں ہونے کی توقع ہو، اسے فعل مستقبل کہتے ہیں۔
- سوال نمبر ۸ کی سرگرمی کروانے کے لیے دیے گئے جملے بورڈ پر لکھیں۔
- بچوں کی جوڑیاں بنائیں اور انھیں بورڈ پر لکھے جملے تفویض کریں۔ اور ہدایت دیں کہ تفویض کردہ جملوں کو فعل مستقبل میں تبدیل کریں۔

| |
|---|
| • اس کام کے لیے انھیں وقت دیں۔ مقررہ وقت کے بعد ہر جوڑی کو جماعت کے سامنے بلائیں اور تبدیل کردہ جملوں کو سنائیں۔ اس دوران میں ان کی مدد اور رہنمائی کریں۔ |
| **اعادہ:**(3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا گھر میں اعادہ کرائیں۔ |
| **جائزہ:**(5منٹ) سوال نمبر ۸ کے تحت دیے گئے جملوں کو بورڈ پر لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کو فعل مستقبل میں تبدیل کروائیں۔ |
| **گھر کا کام:**(2منٹ) سبق کی گھر میں دہرائی کریں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: دوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:5 | سبق کا نام: اچھا بچہ | |

**مقاصد:** دیے گئے موضوع پر جملے لکھ سکیں۔

موقع محل کے مطابق تشکر، تہنیت، انکسار اور تاسف کے کلمات ادا کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو اول" سادہ شیٹیں، تصویریں۔

**تحریکی سرگرمی:** (10منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کے مختلف گروہ بنا دیں۔
- اب چند اچھی اور بری عادات پر مشتمل تصاویر ان میں بانٹ دیں۔
- بورڈ پر دو کالم بنا کر ایک میں اچھی عادات اور دوسرے میں بری عادات کی سرخی دے دیں۔
- بچوں سے کہیں کہ ان کے پاس جو تصویریں آئی ہیں۔ انھیں غور سے دیکھیں کہ وہ اچھی عادات ہیں یا بُری۔
- اب کسی ایک عادت کا نام بولیں۔ جس گروہ کے پاس اس عادت پر مبنی تصویر ہو گی، اس کا بچہ آئے گا اور بورڈ پر متعلقہ کالم میں وہ تصویر چسپاں کر کے اس عادت کے بارے میں چند جملے بولے گا۔
- اس طرح سے سرگرمی باقی گروہوں سے بھی کروائیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25منٹ)

- بچوں سے مختلف سوالات پوچھیں۔ جیسے:
- کوئی سی اچھی عادتیں بتائیں۔
- اچھا طالب علم کون ہوتا ہے؟
- بچوں کے جوابات کی حوصلہ افزائی کریں۔
- اب بورڈ پر لکھیں۔

اچھے بچے میں کیا کیا خوبیاں ہونی چاہییں۔

- بورڈ پر ایک خاکہ بنائیں اور اس کی مدد سے بچوں کو موضوع کے بارے میں معلومات فراہم کریں۔
- اب بچوں کے تین گروہ بنائیں۔ انھیں تین سادہ شیٹیں دیں اور موضوع سے متعلق پانچ جملوں پر مشتمل مربوط عبارت لکھنے کے لیے کہیں۔

| |
|---|
| • اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔<br>• بچوں سے کہیں کہ وہ بورڈ پر لکھے اہم نکات سے مدد لے سکتے ہیں۔<br>• اس دوران میں جہاں بچوں کو کوئی مشکل پیش آئے، ان کی رہنمائی کریں۔<br>• مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ سے ان کی لکھی ہوئی عبارت سنیں۔<br>• بچوں کو مختلف کلماتِ شکریہ، معذرت کے استعمال کے بارے میں آگاہ کریں۔<br>• انھیں بتائیں کہ جب آپ کسی کوئی چیز لیں تو اس کا شکریہ ادا کریں اور اگر آپ سے کوئی غلطی ہو جائے تو معذرت کریں۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کی مشق لکھیں۔ |
| **جائزہ:** (2 منٹ) متفرق طلبہ سے دیے گئے موضوع سے متعلق جملے سنیں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروایا گیا سبق دہرائیں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: | یونٹ:2 | جماعت: دوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:2 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:6 | | سبق کا نام: جائزہ | |

**مقاصد:** پڑھائی گئی مہارتوں کا جائزہ لے سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو کی کتاب دوم"

**تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کو بتائیں آج کا پیریڈ جائزے کے لیے مخصوص ہے۔
- بچوں کو پہلے دیے گئے تمام تصورات کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20 منٹ)

- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 66 کھلوائیں۔
- سرگرمی کے سوال نمبر 1 میں پوچھا گیا سوال بچوں سے سنیں۔
- اس کے بعد بچوں کو دائروں میں بٹھائیں اور ان سے دی گئی تصاویر پر کہانی بنا کر سنانے کو کہیں۔
- بچوں سے سوال نمبر 3 میں دیئے گئے بے معنی الفاظ روانی سے پڑھوائیں۔
- سوال نمبر 4 میں دیے گئے فعل ماضی کے جملوں کو فعل مستقبل میں تبدیل کروائیں۔
- سوال نمبر 5 میں دیے گئے جملوں میں کلمہ کے ساتھ درست مہمل لگا کر بچوں سے اپنی کاپیوں میں لکھوائیں۔
- سوال نمبر 6 میں دیے گئے سوال درختوں اور پودوں کے کوئی سے پانچ فائدے بچوں سے کاپیوں پر لکھوائیں۔ اس کام کے لئے انہیں وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد متفرق بچوں کو جماعت کے سامنے بلائیں اور اپنے لکھے جملے سنانے کے لیے کہیں۔
- تمام سرگرمیاں مکمل کروانے کے بعد بچوں کو شاباش دیں اور ان کے تالیاں بجوائیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کے تمام کام کو چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (0 منٹ) N/A

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروایا گیا سبق دہرائیں۔